نگریزی ہی میں نقل کر دیئے جاتے تو تاریخ کے طلبار کو اس سے بہت فائدہ پہنچتا۔

---

۱) مقالات سلیمان حصہ اوّل ضخامت ۴۴۸ صفحات
۲) " " حصہ دوم ضخامت ۴۱۴ صفحات
قیمت درج نہیں مرتبہ سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب

مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ جیسے جامع العلوم والفنون علمار کم ہی پیدا ہوتے ہیں۔ موصوف جہاں مختلف علوم و فنون پر بلند پایہ اور محققانہ کتابوں کے مصنف ہیں ان کے علاوہ ہزاروں صفحات کے بلند پایہ علمی، تحقیقی، ادبی، تنقیدی، اصلاحی اور نیم سیاسی مقالات و مضامین بھی آپ کے چکیدہ قلم ہیں اور ان کا بہت بڑا حصہ معارف کے صفحات میں محفوظ ہے۔ ضرورت تھی کہ ان مقالات کو فن وار مرتب کر کے شائع کیا جاتا۔ یہ دونوں کتابیں اسی ضرورت کی تکمیل کی طرف ایک قدم ہیں۔ پہلی جلد میں ہندوستان کی اسلامی تاریخ کے مختلف پہلوؤں پر پندرہ مقالات ہیں اور دوسری جلد میں چھ مضامین شامل ہیں جن میں "ریاضی" اور "واقدی" کو چھوڑ کر باقی سب مقالات ہندوستان کے ساتھ علم حدیث کے تعلق پر ہیں۔ دونوں جلدوں کے یہ سب مقالات وہ ہیں کہ اس زمانہ میں جب وہ شائع ہوئے تھے تو علم و تحقیق کے حلقوں میں دھوم مچ گئی تھی۔ اب بہت خوب ہوا کہ کتابی شکل میں محفوظ ہو گئے۔

مقالات عبدالسلام۔ ضخامت ۴۴۴ صفحات۔ قیمت درج نہیں۔ مولانا عبدالسلام ندوی نے اگرچہ مختلف موضوعات پر لکھا ہے لیکن درحقیقت شعر و ادب سے ان کو طبعی اور فطری لگاؤ تھا اور اس معاملہ میں ان کی طبیعت بڑی رسا تھی۔ اس کتاب میں مولانا کے چوبیس چھوٹے بڑے ادبی اور تنقیدی مضامین شامل ہیں اگرچہ یہ سب ایک مرتبہ اور درجہ کے نہیں ہیں اور بعض سرسری اور سطحی بھی ہیں اور گذشتہ ربع صدی میں تنقید اور ادب میں غیر معمولی وسعت پیدا ہوئی ہے جس کے باعث نئے نئے افکار و نظریات کا ڈھیر لگ گیا ہے۔ لیکن جس طرح شبلی اور حالی کا معیار تنقید ادب کی دوامی قدروں پر مبنی ہے اور اس لئے ان کی تنقیدات آج بھی اپنی قدر و قیمت رکھتی ہیں۔ اسی